Department of Education
Chancellor David C. Banks

8 ستمبر، 2022

عزیزی اہلِ خانہ:

تعلیمی سال 2022-2023 میں خوش آمدید!

چار بچوں کے والد کے طور پر، مجھے ابھی تک ستمبر کا ولولہ اور میرے بچوں کی گھبراہٹ یاد ہے کہ نیا تعلیمی سال کیسا ہو گا۔ کیا ان کو ان کے اساتذہ پسند آئیں گے؟ کیا نئے دوست بنانا آسان ہو گا؟ کیا یہ اپنی کلاسوں میں اچھی کارکردگی دکھائیں گے؟ میں نے ان کی دوبارہ یقین دہانی کروائی ہے کہ ان کے اسکول میں بالغان ان کو اتنا ہی عزیز رکھتے ہیں جتنا کہ میں ان کو گھر پر عزیز رکھتا ہوں۔

اب، بطور چانسلر میرے "اسکول کے پہلے دن" کے پہلے تجربے کی تیاری کرتے ہوئے، میں آپ کا اور ہمارے معلمین کا شکر گزار ہوں، جو میری طرح آپ کے بچوں کی واپسی پر ان کا خیر مقدم کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔ میں آپ کو اس پر بھی سراہتا ہوں کہ اپنے بچوں کو ہمارے کمرہ جماعتوں میں بھیج کر آپ ہم پر بہت اعتماد کررہے ہیں — یہ اعتماد کہ ہم آپ کے بچوں کو ذہنی طور پر چیلنج کریں گے تاکہ یہ اپنے خوابوں کی تعبیر پا سکیں۔ یہ اعتماد کہ ہم ان کو محفوظ رکھیں گے اور ان کی بطور انسان نشو ونما پانے میں مدد کریں گے۔ اس بات پر اعتماد کہ یہ گراں قدر طرزِ معاش کی راہ پر گامزن ہونے اور طویل مدتی معاشی تحفظ سے لطف اندوز ہونے کے لیے سندیافتہ ہوں گے۔ یہ اعتماد کہ ہم آپ کے بچوں کو اس بات کی تعلیم دیں گے کہ ہماری دنیا میں تبدیلی لانے کے لیے مثبت قوت کیسے بنا جائے۔

میں یہ سب کچھ — اور بہت کچھ کرنے کے لیے پُرعزم ہوں۔

میری ٹیم اور میں نے موسمِ گرما کو طلبا کے تعلیمی تجربے میں تبدیلی لانے میں صرف کیا ہے تاکہ یہ آپ کے بچوں کی بہتر طور پر خدمت کر سکیں۔ خواندگی، جو کہ پوری تعلیم کی تعمیر کی بنیاد ہے، یہ اس تعلیمی سال کی توجہ کا اہم مرکز ہو گا۔ تمام الیمنٹری اسکولوں میں اعلی معیار، صوتیات پر مبنی خواندگی پروگرام کا نفاذ کر کے ہم جس طرح مطالعے کی تعلیم دیتے ہیں ہم اس میں تبدیلی کر رہے ہیں۔ ہم تعلیم کو کمرہ جماعت کی چار دیواری سے باہر تک توسیع دے رہے ہیں، طلبا کو مقامی میوزیم، پارکس، اور ہمارے عمدہ شہر کی جانب سے پیش کیے جانے والے تمام ناقابلِ یقین وسائل کے باقاعدگی سے دوروں کی پیشکش کر رہے ہیں۔ اسکے ساتھ ہی، ہم طلبا کی ڈیجیٹل تعلیم کے تجربات کو بہتر بنا رہے ہیں۔

اس سال ہم آپ کے درخواست کردہ تعلیمی مواقع زیادہ فراہم کریں گے، جس طریقے سے ہم تمام بچوں کی خدمت کرتے ہیں ہم اس کو بہتر بنائیں گے۔ اس میں کمیونٹی اسکولوں، قابل اور ہنرمند پروگراموں، دولسانی تعلیم پروگراموں اور معذوری کے حامل طلبا کے طویل مدتی تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے کے لیے پروگراموں میں اضافہ شامل ہے۔ بہبود اور طلبا کی کامیابی میں اس کا کردار ایک اور ترجیح ہے جس کے بارے میں آپ مزید سنیں گے۔

میں اس بات کا اعتراف کیے بغیر خاندانوں کو تحریر نہیں کر سکتا ہے کہ آپ ہمارے اسکول کی برادریوں کا لازمہ حیات اور اپنے بچے کی تعلیم میں ہمارے حقیقی شراکت دار ہیں۔ معلومات تک رسائی کے اور اپنے بچوں کو کامیاب ہونے میں مدد کرنے کے لیے آپ کو درکار معاونت کے بہتر طریقوں کے منتظر رہیں۔ اس میں انگریزی کے علاوہ کوئی اور زبان بولنے والے خاندانوں کے لیے توسیع شدہ لسانی رسائی کی معاونتیں اور ہمارے لیے ایک ساتھ مل کر کام کرنے کے مزید مواقع شامل ہوں گے۔

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کا انتخاب کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ میں جانتا ہوں کہ مشکلات درپیش رہی ہیں، اور میں امید کرتا ہوں آپ اس بات سے متفق ہوں گے کہ ہمارے اسکول تمام بچوں کو ایسے روشن، بے باک مستقبل کی راہ پر

گامزن کرنے کے لیے مستعد ہیں جن کے یہ مستحق ہیں۔ نئے تعلیمی سال کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے میں آپ کی schools.nyc.gov/bts2022 پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

ہمیشہ کی طرح، ہمارے بچوں کی بہتر خدمت کرنے کے لیے آپ کے ساتھ شراکت کرنا میرے لیے باعث اعزاز ہے۔ میرا پختہ یقین ہے کہ بہتری ابھی آنی ہے۔ اس لیے، آئیے تعلیمی سال 2022–2023 کا اغاز کرتے ہیں!

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
نیویارک شہر اسکولز چانسلر